© rasailojaraid.com



# وفاق المدارس العربیہ پاکستان

## تعارف، خدمات، نصاب

وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی جانب سے 20 مارچ 2014ء تا 21 اپریل 2014ء ملک بھر ان طلبہ کرام کے اعزاز میں جنہوں نے گذشتہ دس سالوں میں پوزیشن حاصل کی، تقریب تقسیم انعامات منعقد کی جارہی ہے، ان تقاریب کا مقصد جہاں اِن طلبہ کی حوصلہ افزائی ہے وہیں ان لوگوں کے سامنے، جو دینی مدارس، علماء کرام اور طلبہ کرام کے خلاف منفی پروپیگنڈے کرتے ہیں، دینی مدارس کی خدمات کو اجاگر کرنا ہے۔ ذیل میں اسی مناسبت سے وفاق المدارس کا تعارف، خدمات اور نصاب پیش کیا جارہا ہے۔..............................................ادارہ]

قرآن وحدیث کی تعلیمات کے بغیر کسی اسلامی معاشرہ کی بقاء اور اس کے قیام کا تصور نہیں کیا جاسکتا۔ اسلامی تعلیمات ہی پر کسی اسلامی معاشرہ کی بنیاد اور داغ بیل ڈالی جاسکتی ہے۔ قرآن وحدیث اسلامی تعلیمات کا منبع ہیں اور دینی مدارس کا مقصد اس کے سوا اور کیا ہے کہ اسلامی تعلیمات کے ماہرین، قرآن وحدیث پر گہری نگاہ رکھنے والے علماء اور علوم اسلامیہ میں دسترس رکھنے والے رجال کار پیدا کئے جائیں۔ جو آگے مسلمان معاشرہ کا اسلام سے ناطہ جوڑنے، مسلمانوں میں اسلام کی بنیادی اور ضروری تعلیم عام کرنے اور اسلامی تہذیب وتمدن کی ابدی صداقت کو اجاگر کرنے کا فریضہ انجام دیں۔

برصغیر میں دینی روایات اور اسلامی اقدار کے تحفظ وسربلندی کے لئے علماء حق نے جو مجاہدانہ وسرفروشانہ کردار ادا کیا ہے، وہ تاریخ کا ناقابل فراموش باب ہے۔ مشیت خداوندی نے برصغیر کے اہل علم کے لئے یہ سعادت مقدر کی کہ انہوں نے مآثر اسلامیہ کی حفاظت کے لئے دیگر عالم اسلام کے طریق سے ہٹ کر مدارس دینیہ کے قیام واستحکام کا بے نظیر کارنامہ سرانجام دیا۔ مدارس دینیہ کی یہ عظیم طاقت مختلف حصوں میں بٹی ہوئی تھی۔ قیام پاکستان کے بعد اکابر علماء دیوبند نے مسلمانانِ پاکستان کے اسلامی تشخص کو برقرار رکھنے، مملکتِ خداداد پاکستان میں دینی مدارس کے تحفظ واستحکام اور باہمی ربط کو مضبوط بنانے اور مدارس کو منظم کرنے کے لئے ایک تنظیم کی ضرورت محسوس کی۔ چنانچہ اسی مقصد کے لئے اکابر علماء دیوبند کا اجلاس جامعہ خیر المدارس ملتان میں 20 شعبان المعظم 1376ھ مطابق 22 مارچ 1957ء کو استاذ العلماء حضرت مولانا خیر محمد جالندھری نور اللہ مرقدہ کی صدارت میں منعقد ہوا اور ایک تنظیمی کمیٹی تشکیل دی گئی۔ تنظیمی کمیٹی کے اجلاس منعقدہ 15-14 ربیع الثانی 1379ھ مطابق 19-18 اکتوبر 1959ء میں باقاعدہ طور پر وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے نام سے ایک ہمہ گیر تنظیم کی بنیاد رکھی گئی۔ جس میں وفاق کے دستور کی منظوری کے ساتھ ساتھ تین سال کے لئے عہدیداران کا انتخاب عمل میں آیا۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

**صدر وفاق:**......شمس العلماء حضرت مولانا شمس الحق افغانی رحمۃ اللہ علیہ۔ **نائب صدر اول:**......استاذ العلماء حضرت مولانا خیر محمد جالندھری رحمۃ اللہ علیہ۔ **نائب صدر دوم:**......محدث عصر حضرت مولانا محمد یوسف بنوری رحمۃ اللہ علیہ۔ **ناظم اعلیٰ:**......محمود الملۃ حضرت مولانا مفتی محمود رحمۃ اللہ علیہ۔ **خازن:**......فقیہ العصر حضرت مولانا مفتی عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ۔ حق تعالیٰ شانہ نے وفاق کے قیام کا عظیم کام ان مقتدر و مقبول ہستیوں سے لیا۔

ملک گیر سطح پر تمام دینی مدارس کی ایسی فعال اور مربوط تنظیم کی مثال دیگر اسلامی ممالک میں نہیں ملتی۔ یہ امتیاز صرف پاکستان کے دینی مدارس کو حاصل ہے کہ وہ ایک مربوط تعلیمی نظام سے وابستہ ہیں اور کتاب و سنت کی ترویج و اشاعت اور شعائر اسلام کے تحفظ و بقاء کے لئے ان کی آواز ایک ہے۔ پاکستان کی تاریخ میں متعدد حکومتوں نے دینی مدارس کو کچلنے اور ان کی آزادی کو پامال کرنے کی مختلف کوششیں کی ہیں، مگر بحمد اللہ وفاق المدارس نے ایسے ہر موقع پر مدارس کو حکومتی مداخلت اور سرکاری دستبرد سے بچانے کے لئے اپنا فریضہ نہایت دیانت و جرات سے انجام دیا اور انشاء اللہ آئندہ بھی دینی مدارس کے تحفظ و بقاء کے لئے وفاق المدارس العربیہ پاکستان اسی طرح اپنا کردار ادا کرتا رہے گا۔

وفاق المدارس نے دینی مدارس کے تحفظ و بقاء، اہل علم کے درمیان توافق و رابطہ، نظامِ تعلیم و امتحانات میں یکجہتی، جامع نصاب کی ترتیب، شہادات کے اجراء اور جدید علوم و فنون اور عصری تقاضوں کے مطابق حسب ضرورت اب تک جو اقدامات کئے ہیں وہ بلاشبہ تاریخ ساز ہیں۔

وفاق المدارس العربیہ پاکستان اِس وقت حضرت شیخ الحدیث مولانا سلیم اللہ خان صاحب دامت برکاتہم العالیہ (صدرِ وفاق) اور حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری صاحب مدظلہ العالی (ناظم اعلیٰ وفاق) کی قیادت میں دینی خدمات سرانجام دے رہا ہے اور ملک کا سب سے بڑا دینی تعلیمی بورڈ ہے۔ جس کے تحت سترہ ہزار چھ سو ستاسی (17687) مدارس و جامعات کام کر رہے ہیں۔ ان مدارس میں ایک لاکھ سات ہزار نو سو آٹھ (107908) اساتذہ کرام خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ جبکہ اکیس لاکھ ننانوے ہزار آٹھ سو تریسٹھ (2199863) طلبہ / طالبات زیر تعلیم ہیں۔

وفاق المدارس سے اب تک فارغ التحصیل ہونے والے علماء کی تعداد ایک لاکھ گیارہ ہزار چھ سو بیاسی (111682)، عالمات کی تعداد ایک لاکھ تیس ہزار سات سو تہتر (1300773) اور حفاظ کی تعداد آٹھ لاکھ اکسٹھ ہزار نو سو چھیانوے (861996) ہے۔

**ضابطہ کار:**......وفاق المدارس العربیہ پاکستان کا صدر دفتر ملتان میں ہے۔ وفاق المدارس کی اصل قوت اس کی ''مجلس شوریٰ'' ہے اور وہی وفاق کے اغراض و مقاصد کی تکمیل کی نگران ہے اور وفاق کے عہدیداران کا انتخاب کرتی ہے اور ''مجلس عاملہ'' وفاق کے نظم و نسق کی ذمہ دار ہے۔

''وفاق المدارس العربیہ پاکستان'' ایک خالص تعلیمی اور غیر سیاسی تنظیم ہوگا۔ اس کا کسی سیاسی جماعت سے کوئی تعلق


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

نہ ہوگا اور وفاق بحیثیت وفاق نہ کوئی سیاسی موقف اختیار کرے گا نہ ملکی سیاست کے کسی مسئلہ میں اظہار رائے کرے گا اور نہ ہی اس بارہ میں ملحقہ مدارس و جامعات کو کوئی ہدایت جاری کرے گا۔

### وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے اغراض ومقاصد

(۱)......ملحقہ جامعات ومدارس عربیہ کے جملہ درجات بشمول تکمیل وتخصص وتدریب المعلمین والمعلمات کے لئے مع نصاب تعلیم مرتب کرنا اور امتحانات میں کامیاب طلبہ وطالبات کو شہادات (اسناد) جاری کرنا۔

(۲)......مدارس عربیہ وجامعات میں باہمی اتحاد وربط پیدا کرنے کی کوشش اور ان کو منظم کرنا۔

(۳)......مروجہ نصاب تعلیم میں جدید دینی تقاضوں کے مطابق مناسب وموزوں تصرف کرنا اور حسب ضرورت کتب طبع کرانا۔

(۴)......وہ مدارس و جامعات جو اس وفاق سے الحاق کریں ان میں نصاب تعلیم، نظامِ تعلیم اور امتحانات میں باقاعدگی، یک جہتی اور ہم آہنگی پیدا کرنا۔

(۵)......جدید عصری تقاضوں کے مطابق تعلیمات اسلامیہ کی ترویج اور نشر واشاعت اور اہم موضوعات پر مستند اور تحقیقی کتابیں تالیف وتصنیف کرانا۔

(۶)......مدارس دینیہ وجامعات کے تحفظ وترقی اور معیار تعلیم کو بلند کرنے کے لئے صحیح اور موثر ذرائع اختیار کرنا۔

(۷)......تربیت المعلمین والمعلمات کا موثر ومناسب انتظام کرنا۔

**وفاق المدارس کے امتحانات کا دائرہ کار:**......وفاق المدارس کے اغراض ومقاصد میں اہل علم کے درمیان توافق و رابطہ، نظام تعلیم میں یکسانیت اور امتحانات ونصاب میں یکجہتی کو کلیدی حیثیت حاصل ہے۔ ان امتحانات میں ہر سال ملک بھر کے مدارس وجامعات کے دو لاکھ سے زائد طلبہ وطالبات شرکت کرتے ہیں۔ انتظامی طور پر یہ ایک مشکل کام ہے کہ خیبر سے کراچی اور کوئٹہ سے گلگت تک تمام مدارس وجامعات کے طلبہ ایک مقررہ تاریخ اور معین وقت میں متعین مراکز کے اندر جمع ہو کر اس شان سے امتحان دیتے ہیں کہ ایک ہی وقت میں پرچہ سوالات پورے ملک کے طلبہ کے ہاتھوں میں پہنچتا ہے۔ "وفاق المدارس" کے امتحانات میں نگران اعلیٰ ومعاون نگران اجنبی اور دیانت دار علماء ہوتے ہیں۔ جن سے کسی ناجائز مراعات کا تصور نہیں کیا جا سکتا۔ طلبہ وطالبات صرف اپنی ذاتی استعداد وقابلیت ہی سے پرچہ حل کرتے ہیں۔ امتحان کا مقررہ وقت ختم ہوتے ہی ہر مرکز کے ناظم امتحان تمام کاپیوں کے بنڈل کو سیل کر کے اسی وقت دفتر وفاق کو رجسٹری کر دیتے ہیں۔ حکومت اپنے تمام تر وسائل کے باوجود انتظامی دشواریوں کے باعث ہر ڈویژن میں الگ تعلیمی بورڈ قائم کرتی ہے جو کہ ایک وقت میں ایک کلاس کا امتحان لیتے ہیں۔ مگر بحمد اللہ "وفاق المدارس" ملکی سطح پر ایک ہی وقت میں تمام درجات کا امتحان لیتا ہے اور ایک ماہ کے اندر نتائج کا اعلان کرتا ہے۔


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

امتحانی مراکز سے جوابی کاپیاں دفتر وفاق کو موصول ہونے کے بعد طالب علم کے نام اور رول نمبر کی چٹ، جوابی کاپی سے الگ کر کے فرضی نمبر لگا دیے جاتے ہیں۔ جس کے بعد کسی شخص کے لئے کاپی کی شناخت ممکن نہیں۔ جوابی کاپیوں کی مارکنگ دفتر وفاق المدارس میں امتحانی کمیٹی کی نگرانی میں ہوتی ہے۔ ممتحنین حضرات وفاق کی طرف سے مقرر کردہ تعداد اور معیار کے تحت جوابی کاپیوں پر صرف طالب علم / طالبہ کی محنت واستعداد کے مطابق نمبر لگاتے ہیں۔ ہر درجہ میں بیس سے پچیس ممتحنین پر ایک ممتحن اعلیٰ مقرر کیا جاتا ہے۔ جو ممتحنین کے چیک کئے ہوئے بعض پرچوں پر نظر ثانی کرتے ہیں اور اگر ان کی مارکنگ کے معیار میں کمی وبیشی ہو تو بروقت تنبیہ کرتے ہیں۔ معیار کا جائزہ لینے کے لئے صدر وفاق اور ناظم اعلیٰ وفاق بھی مارکنگ کے دوران مرکزی دفتر میں موجود رہتے ہیں اور وقتاً فوقتاً چیک شدہ پرچوں کا معائنہ فرماتے ہیں۔

"وفاق المدارس" کے اس محفوظ اور ہر طرح سے قابل اعتماد نظامِ امتحانات میں کسی طالب علم یا مدرسہ کے ساتھ رعایت کئے جانے کا کوئی امکان باقی نہیں رہتا۔ چنانچہ مشہور ومعروف جامعات کے ساتھ ساتھ گم نام اور غیر معروف مدارس کے طلبہ وطالبات بھی امتیازی پوزیشن حاصل کرتے رہتے ہیں۔

وفاق المدارس کے سالانہ امتحانات 1434ھ / 2013ء کے لئے مدارس وجامعات سے دو لاکھ سینتیس ہزار نو سو گیارہ (237911) طلبہ / طالبات کے داخلے موصول ہوئے۔ جن کے لئے ایک ہزار چار سو انسٹھ (1459) مراکز امتحان قائم کئے گئے۔ امتحانی نظم کو ضلعی سطح پر مسئولین کے ذریعے مرکزی دفتر سے کنٹرول کیا جاتا ہے۔

**وفاق المدارس کا نصابِ تعلیم ونظامِ تعلیم:**......وفاق کی کوشش یہ ہے کہ ایسا مبارک ومسعود نظم اور اتحاد ملک کے تمام مدارس وجامعات میں پیدا ہو جائے کہ ایک ہی نصابِ تعلیم اور ایک ہی نظام تعلیم ہو۔ اسباق کے آغاز، تعطیلات، سہ ماہی وششماہی اور سالانہ امتحانات کی تاریخ یکساں ہو اور اسی طرح تمام مدارس کے نتائج کا اعلان بھی ایک ہی وقت میں ہو۔ غرضیکہ ہر مدرسہ میں انتظامی اور تعلیمی قواعد وضوابط ایک ہوں اور تمام مدارس کے اساتذہ وطلبہ یکساں طور پر ان کے پابند ہوں۔ ہر مدرسہ میں طلبہ کے داخل وخارج کے فارم، رجسٹر حاضری مدرسین وطلبہ بھی ایک ہی ہوں۔ ایک قسم کے تصدیق نامے (سرٹیفکیٹ) کے ذریعے طلبہ ایک مدرسہ سے دوسرے مدرسہ میں منتقل ہوں۔ ہر مدرسے کے مدرسین وطلبہ کے حقوق بھی یکساں متعین ہوں اور وہ یکساں طور پر ادا کیے جاتے ہوں۔ کوئی کسی پر زیادتی اور تعدی بھی نہ کر سکے اور کوئی کسی کے ساتھ ناجائز مراعات بھی نہ کر سکے۔ سب ایک ہی مقصد اللہ کے دین کی حفاظت اور اعداء دین کے حملوں سے اس کو بچانے کے لئے جمع ہوں۔ پڑھنے والے صرف اسی غرض کے لئے پڑھیں، پڑھانے والے پڑھائیں، انتظام کرنے والے اسی مقصد وحید کے لئے جدوجہد کریں اور مالی امداد کرنے والے اسی واحد غرض وغایت کے لئے امداد کریں۔ اس نصاب تعلیم، امتحانات میں باضابطگی، قواعد وضوابط کی پابندی اور مرکزی طاقت وفاق کی کڑی نگرانی کے بعد کسی بھی مہتمم، مدرس یا ممتحن کے لئے یہ ممکن نہ ہوگا کہ وہ اپنے شخصی تعلقات یا مصالح کی بناء پر کسی بھی نااہل طالب علم کو مدرسہ میں داخل یا امتحانات میں کامیاب کرا سکے۔


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

یہ حقیقت تو اس قدر قطعی اور یقینی طور پر مسلم ہے اور بحث سے بالاتر کہ زندگی کے کسی بھی شعبے میں مطمئن اور باعزت زندگی بسر کرنے کے لئے بقاء باہمی کے اصول پر جماعتی اتحاد و تنظیم از بس ضروری ہے اور یہ تنظیم جس قدر محکم اور ہمہ گیر ہوگی اسی قدر آفات و مصائب سے تحفظ اور ترقی و کامرانی کی زیادہ ضامن ہوگی۔ آج کے دور میں انفرادی طاقت کتنی ہی قوی کیوں نہ ہو، بقاء و تحفظ کے بارے میں قطعاً ناقابل اعتماد ہی نہیں بلکہ ناکام ہے۔ آج طاقت، اجتماعی طاقت اور محکم تنظیم کا دوسرا نام ہے، یہی وجہ ہے کہ زندگی کا کوئی شعبہ ایسا نہیں جس میں کام کرنے والوں کی یونینیں اور سوسائٹیاں نہ ہوں۔ اسی عالم گیر اصول کے تحت مدارس عربیہ کا بھی فرض ہے کہ ہر مدرسہ اگرچہ وہ اپنے وسائل و ذرائع اور اثر و رسوخ کے اعتبار سے کتنا ہی "مستغنی اور بے نیاز" کیوں نہ ہو اس کو بھی اپنی "انفرادیت" ختم کر کے اور کسی محکم جماعتی تنظیم میں شامل ہو کر اپنے نہ سہی اپنے ہم مسلک مدرسوں کی بقاء و تحفظ اور مفاد کی خاطر اس تنظیم کو زیادہ سے زیادہ قوی اور محکم بنانے کی کوشش کرنی چاہئے کہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: ﴿تعاونوا علی البر والتقوی﴾۔

ملک کے تمام مدارس و جامعات اس یکجہتی، ہم آہنگی اور نظم و ضبط کے بعد کجسد واحد ایک ہوں۔ اگر کوئی اندرونی یا بیرونی طاقت کسی بھی مدرسہ کو کسی بھی قسم کا نقصان پہنچانا چاہے تو تمام مدارسِ ملحقہ اور ان کا مرکز "وفاق" پوری قوت کے ساتھ اس کا دفاع کریں گے۔

**ملحقہ مدارس و جامعات:**......وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے قیام 1959ء سے دسمبر 2013ء تک وفاق کے ساتھ ملحق مدارس کی تعداد 14198 ہے۔ ملحقہ مدارس کی شاخوں کی تعداد 3489 ہے۔ اس طرح وفاق المدارس کے تحت کام کرنے والے اداروں کی کل تعداد 17687 ہے۔ وفاق المدارس سے ملحقہ مدارس کی صوبہ وار اور درجہ وار تعداد درج ذیل ہے:

| نام صوبہ | مدارس تحفیظ | متوسطہ | ثانویہ | عالیہ | عالمیہ | میزان | شاخہائے | کل تعداد |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اسلام آباد | 94 | 4 | 45 | 18 | 59 | 220 | 35 | 255 |
| بلوچستان | 251 | 282 | 494 | 93 | 148 | 1268 | 104 | 1372 |
| پنجاب | 2877 | 175 | 952 | 314 | 1374 | 5692 | 2018 | 7710 |
| خیبر پختونخواہ | 1255 | 187 | 1222 | 307 | 888 | 3859 | 570 | 4429 |
| سندھ | 1491 | 225 | 535 | 134 | 486 | 2871 | 667 | 3538 |
| آزاد کشمیر | 57 | 17 | 59 | 23 | 75 | 228 | 67 | 295 |
| گلگت بلتستان | 23 | 1 | 19 | 4 | 13 | 60 | 28 | 88 |
| **میزان** | **6048** | **888** | **3326** | **893** | **3043** | **14198** | **3489** | **17687** |


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

ملحقہ مدارس کے درجات تعلیم درج ذیل ہے:

(الف)......**مدارس ابتدائیہ**: ایسے مدارس جن میں ''وفاق'' کے نصاب کے مطابق درجہ ابتدائیہ (ناظرہ قرآن مجید و پرائمری) کی تعلیم دی جاتی ہو۔

(ب)......**مدارس تحفیظ القرآن الکریم**: ایسے مدارس جن میں تحفیظ القرآن الکریم کی تعلیم ہو۔

(ج)......**مدارس تجوید القرآن الکریم**: ایسے مدارس جن میں تجوید وقراءۃ کی تعلیم ہو۔

(د)......**مدارس متوسطہ**: ایسے مدارس جن میں درجہ متوسطہ کی تعلیم ہو۔

(ہ)......**مدارس ثانویہ**: ایسے مدارس جن میں درجہ عامہ / خاصہ تک تعلیم کا انتظام ہو۔

(و)......**مدارس عالیہ**: ایسے مدارس جن میں درجہ عالیہ تک تعلیم کا انتظام ہو۔

(ز)......**جامعات**: ایسے تعلیمی ادارے جن میں درجہ عالمیہ (دورہ حدیث) تک تعلیم ہو۔

**ملحقہ مدارس میں زیر تعلیم طلبہ وطالبات**:......وفاق المدارس سے ملحقہ مدارس میں زیر تعلیم طلبہ کی تعداد 1466976 اور طالبات کی تعداد 732887 ہے مجموعی طور پر کل تعداد 2199863 ہے۔صوبہ وار تفصیل درج ذیل ہے:

| صوبہ | اقامتی طلبہ | غیر اقامتی طلبہ | اقامتی طالبات | غیر اقامتی طالبات | کل تعداد |
|---|---|---|---|---|---|
| اسلام آباد | 14388 | 6305 | 4221 | 4781 | 29695 |
| بلوچستان | 65455 | 85192 | 2326 | 28125 | 181098 |
| پنجاب | 174730 | 308941 | 55592 | 242283 | 781546 |
| خیبر پختونخواہ | 118988 | 285985 | 24096 | 153694 | 582763 |
| سندھ | 96937 | 292985 | 5597 | 198159 | 593678 |
| گلگت بلتستان | 2306 | 2547 | 528 | 2295 | 7676 |
| آزاد کشمیر | 5925 | 6292 | 3871 | 7319 | 23407 |
| **میزان** | **478729** | **988247** | **96231** | **636656** | **2199863** |

**ملحقہ مدارس میں اساتذہ کی تعداد**:......ملحقہ مدارس میں اساتذہ اور دیگر عملہ کی کل تعداد 107908 ہے۔مرکزی دارالحکومت اسلام آباد میں 1755، بلوچستان میں 9008 پنجاب میں 38645،خیبر پختونخواہ میں 28046، سندھ میں 28193 گلگت بلتستان میں 516 اور آزاد کشمیر میں 1745 ہے۔

**وفاق المدارس کے امتحانات میں شرکاء کی تعداد**:......وفاق المدارس کے تحت سب سے پہلے عالمیہ کا امتحان


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

1960ء میں منعقد ہوا اور تدریجاً مختلف درجات کے امتحانات وفاق المدارس کے تحت ہونے لگے۔ 1960ء سے 2013ء تک وفاق المدارس کے امتحانات میں شرکاء کی تعداد (2666703) چھبیس لاکھ چھیاسٹھ ہزار سات سو تین ہے۔ درجہ وار تفصیل درج ذیل ہے:

| درجہ | ابتدائے امتحان کی تاریخ | 2013ء تک مجموعی تعداد |
|---|---|---|
| عالمیہ بنین | 1380ھ 1960ء | 111682 |
| موقوف علیہ | 1430ھ 2009ء | 39928 |
| عالیہ بنین | 1405ھ 1985ء | 116593 |
| خاصہ بنین | 1403ھ 1983ء | 179555 |
| عامہ بنین | 1404ھ 1984ء | 275501 |
| متوسطہ | 1409ھ 1989ء | 204464 |
| عالمیہ بنات | 1414ھ 1994ء | 1300773 |
| عالیہ بنات | 1413ھ 1993ء | 156026 |
| خاصہ بنات | 1412ھ 1992ء | 212719 |
| عامہ بنات | 1410ھ 1990ء | 351784 |
| تحفیظ القرآن الکریم | 1402ھ 1982ء | 861696 |
| دراسات دینیہ | 1425ھ 2004ء | 24817 |
| تجوید للحفاظ والحافظات | 1434ھ 2013ء | 1177 |
| تجوید للعلماء والعالمات | 1434ھ 2013ء | 693 |
| **میزان** | | **2666703** |

## وفاق المدارس کے تعلیمی مراحل

| نمبر شمار | درجات | اہلیت داخلہ | دورانیہ |
|---|---|---|---|
| 01 | تحفیظ القرآن الکریم | ناظرہ قرآن مجید (صحیح تلفظ) | تین سال |
| 02 | تجوید للحفاظ | شہادۃ تحفیظ القرآن الکریم | دو سال |
| 03 | تجوید للعلماء | شہادۃ العالمیہ | ایک سال |


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| 04 | ابتدائیہ | ناظرہ قرآن مجید (صحیح تلفظ) | پانچ سال |
| 05 | متوسطہ | پرائمری پاس (مساوی استعداد) | تین سال |
| 06 | ثانویہ عامہ | متوسطہ/مڈل (سیکنڈری بورڈ) پاس | تین سال |
| 07 | ثانویہ خاصہ | شہادۃ الثانویہ العامہ | دو سال |
| 08 | عالیہ | شہادۃ الثانویہ خاصہ | دو سال |
| 09 | عالمیہ | شہادۃ العالیہ | دو سال |
| 10 | دراسات دینیہ | مڈل | دو سال |
| 11 | تخصصات | شہادۃ العالمیہ | دو سال |

## وفاق المدارس العربیہ پاکستان کا نصاب تعلیم

### نصاب تعلیم درجہ ابتدائیہ (پرائمری)

| نمبر شمار | جماعت | تفصیل مضامین |
|---|---|---|
| 01 | اوّل | نورانی قاعدہ/یسرنا القرآن، کلمہ طیبہ وکلمہ شہادت، ثناء، کتاب اردو جماعت اوّل، مفردات نویسی، سو تک گنتی، دو کا پہاڑہ، کتاب انگریزی جماعت اوّل |
| 02 | دوم | آخری پارہ (ناظرہ) قرآن کریم کی آخری دس سورتیں (حفظ) نماز، کتاب اردو جماعت دوم، مرکبات نویسی، کتاب ریاضی جماعت دوم، کتاب انگریزی جماعت دوم |
| 03 | سوم | پانچ پارے اوّل (ناظرہ) نماز حنفی علاوہ خطبات واشعار، کتاب اردو جماعت سوم، عبارت نویسی، سائنس سوم، کتاب ریاضی جماعت سوم، کتاب انگریزی جماعت سوم، کتاب معاشرتی علوم جماعت سوم |
| 04 | چہارم | از پارہ ٦ تا پارہ ١٥ (ناظرہ) تعلیم الاسلام حصہ اوّل، کتاب اردو جماعت چہارم، املاء زبانی، کتاب ریاضی جماعت چہارم، کتاب انگریزی جماعت چہارم، کتاب معاشرتی علوم جماعت چہارم، سائنس چہارم |
| 05 | پنجم | از پارہ ١٦ تا آخر (ناظرہ) تعلیم الاسلام حصہ دوم، نماز مسنون کی چالیس احادیث (اربعین مؤلفہ مولانا محمد الیاس فیصل) کتاب اردو جماعت پنجم، لکھائی از کتاب اردو بطور املاء، کتاب ریاضی جماعت پنجم، کتاب انگریزی جماعت پنجم، کتاب سائنس جماعت پنجم |


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

نوٹ:......درجہ متوسطہ سال سوم کے علاوہ عصری مضامین صوبائی ٹیکسٹ بورڈ کے مطابق پڑھائے جائیں گے۔

## نصاب تعلیم درجہ متوسطہ (مڈل)

| نمبر شمار | سال اوّل | سال دوم | سال سوم |
|---|---|---|---|
| 01 | ''حدر'' ابتدائی دس پارے (ناظرہ) ازسورۃ الضحیٰ تا سورۃ الناس (حفظ) | ''حدر'' از پارہ گیارہ تا بیس (ناظرہ) ازسورۃ انشقاق تا والیل (حفظ) | ''حدر'' از پارہ اکیس تا آخر (ناظرہ) خلاصۃ التجوید مؤلفہ اظہار احمد تھانوی ازسورۃ النبا تا سورۃ المطففین (حفظ) |
| 0 | تعلیم الاسلام حصہ سوم، چہارم کتاب معاشرتی علوم جماعت ششم | سیرت خاتم الانبیاء ﷺ از مفتی محمد شفیع معاشرتی علوم جماعت ہفتم | بہشتی گوہر (مولانا اشرف علی تھانوی) سیرت الرسول (مرتبہ وفاق المدارس) |
| 03 | کتاب اردو جماعت ششم املاء از کتاب اردو | کتاب اردو جماعت ہفتم املاء از کتاب اردو | کتاب اردو جماعت ہشتم و معاشرتی علوم (مرتبہ وفاق المدارس) |
| 04 | ریاضی جماعت ششم | ریاضی جماعت ہفتم | ریاضی جماعت ہشتم (مرتبہ وفاق المدارس) |
| 05 | سائنس جماعت ششم | سائنس جماعت ہفتم | گلستان باب ۱ تا ۴ |
| 06 | تسہیل المبتدی، فارسی کا آسان قاعدہ، کریما | نام حق، پند نامہ، گلستان باب نمبر ۸ | انگریزی جماعت ہشتم (مرتبہ وفاق المدارس) |
| 07 | انگریزی جماعت ششم | انگریزی جماعت ہفتم | سائنس (مرتبہ وفاق المدارس) |

## نصاب تعلیم (بنین)

### ثانویہ عامہ ...... ''میٹرک'' ...... (سال اول)

| نمبر شمار | مضامین | کتب |
|---|---|---|
| 01 | انگلش | گورنمنٹ کا منظور کردہ نصاب |
| 02 | سائنس | ........ |
| 03 | ریاضی | ........ |
| 04 | اردو | ........ |
| 05 | اسلامیات | ........ |



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

| | | |
|---|---|---|
| 06 | مطالعہ پاکستان | ........ |

### ثانویہ عامہ ...... "میٹرک" ...... (سال دوم)

| نمبر شمار | مضامین | کتب |
|---|---|---|
| 01 | نحو | علم النحو، نحو میر فارسی/عربی، شرح مائۃ عامل مع الترکیب |
| 02 | صرف | میزان الصرف و منشعب اور پنج گنج/ارشاد الصرف/اردو یا علم الصرف تین حصص |
| 03 | تمرین الصرف | صفوۃ المصادر، تیسیر الابواب |
| 04 | تمرین نحو | المنہاج فی القواعد والاعراب، النحو الیسیر، تسہیل النحو |
| 05 | اللغۃ العربیہ | الطریقۃ العصریہ اول و دوم |
| 06 | تجوید | جمال القرآن، حفظ و مشق قراءۃ از پارہ عم ربع آخر |

### ثانویہ عامہ ...... "میٹرک" ...... (سال سوم)

| نمبر شمار | مضامین | کتب |
|---|---|---|
| 01 | تفسیر و حدیث و تجوید | ترجمہ پارہ عم؛ زاد الطالبین کامل؛ فوائد مکیہ حفظ و مشق پارہ عم نصف آخر |
| 02 | اللغۃ العربیہ والانشاء | القراءۃ الراشدہ جلد اول و معلم الانشاء جلد اول |
| 03 | الفقہ | مختصر القدوری کامل |
| 04 | الصرف | علم الصیغہ فارسی مع خاصیات از فصول اکبری/علم الصرف ۴ یا علم الصیغہ عربی مع خاصیات ابواب |
| 05 | النحو | ھدایۃ النحو کامل مع تمرینات از تسہیل الادب (مولانا سلیم اللہ خان صاحب) |
| 06 | المنطق | تیسیر المنطق، ایساغوجی، مرقاۃ |

### ثانویہ خاصہ ...... "الف اے" ...... (سال اول)

| نمبر شمار | مضامین | کتب |
|---|---|---|
| 01 | تفسیر و حدیث | ترجمہ و تفسیر از سورہ عنکبوت تا پارہ عم و ریاض الصالحین کتاب الادب فقط |
| 02 | الفقہ | کنز الدقائق (مکمل ماسوا کتاب الفرائض) |
| 03 | اصول الفقہ و اخلاق | آسان اصول الفقہ، اصول الشاشی، تعلیم المتعلم |
| 04 | النحو | کافیہ |


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

| | | |
|---|---|---|
| 05 | المنطق | شرح تہذیب |
| 06 | اللغۃ العربیہ والادب | نفحۃ العرب حصہ نثر و معلم الانشاء جز ثانی |

**ثانویہ خاصہ ...... "ایف اے" ...... (سال دوم)**

| بر شمار | مضامین | کتب |
|---|---|---|
| 01 | تفسیر و حدیث | ترجمہ و تفسیر از سورہ یونس تا سورہ عنکبوت۔ ریاض الصالحین از کتاب الجہاد تا آخر کتاب الدعوات |
| 02 | الفقہ | شرح وقایہ اخیرین |
| 03 | اصول الفقہ | نور الانوار تا قیاس |
| 04 | النحو | شرح جامی از مرفوعات تا مبنیات |
| 05 | علم بلاغت | دروس البلاغہ و تلخیص المفتاح |
| 06 | المنطق | قطبی تا عکس نقیض |
| 07 | اللغۃ العربیہ والانشاء | مقامات حریری دس مقامے و معلم الانشاء جلد ثالث |

**عالیہ ...... "بی اے" ...... (سال اول)**

| نمبر شمار | مضامین | کتب |
|---|---|---|
| 01 | تفسیر و حدیث | ترجمہ و تفسیر سورہ فاتحہ تا سورہ یونس و آثار السنن مکمل |
| 02 | الفقہ | ہدایہ جلد اول |
| 03 | اصول الفقہ | حسامی مکمل |
| 04 | بلاغت | مختصر المعانی الفن الاول والثانی. برائے مطالعہ البلاغۃ الواضحہ |
| 05 | فلسفہ و عقائد | ہدیہ سعیدیہ، متن ہدایۃ الحکمہ، اقتباسات مفیدہ عربی |
| 06 | اللغۃ العربیہ | مختارات الادب جزء اول، مولانا ابوالحسن علی ندوی، سبع المعلقات مکمل |
| 07 | تاریخ | التاریخ الاسلامی ابراھیم شریفی |

**عالیہ ...... "بی اے" ...... (سال دوم)**

| نمبر شمار | مضامین | کتب |
|---|---|---|
| 01 | تفسیر | الفوز الکبیر، جلالین شریف مکمل |


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

| نمبر شمار | مضامین | کتب |
|---|---|---|
| 02 | حدیث وفرائض | خیر الاصول، مسند امام اعظم، سراجی |
| 03 | الفقہ | ہدایہ جلد ثانی |
| 04 | اصول الفقہ | توضیح تا مقدمات اربعہ وتلویح تا بحث الخاص |
| 05 | عقائد | عقیدہ طحاویہ، شرح عقائد |
| 06 | فلکیات | الھئیہ الوسطیٰ، فہم فلکیات |
| 07 | اللغۃ والعروض | دیوان الحماسہ (باب الحماسہ) متن الکافی برائے مطالعہ اردو، بحرین |

عالمیہ ...... "ایم اے" ...... (سال اول)

| نمبر شمار | مضامین | کتب |
|---|---|---|
| 01 | اصول تفسیر<br>اصول حدیث | التبیان فی علوم القرآن، شرح نخبۃ الفکر |
| 02 | تفسیر | بیضاوی، پارہ اول ربع |
| 03 | حدیث | مشکوٰۃ المصابیح جلد اول |
| 04 | حدیث | مشکوٰۃ المصابیح جلد دوم |
| 05 | فقہ | ہدایہ جلد ثالث |
| 06 | فقہ | ہدایہ جلد رابع |

عالمیہ ...... "ایم اے" ...... (سال دوم)

| نمبر شمار | مضامین | کتب |
|---|---|---|
| 01 | کتب حدیث | صحیح بخاری |
| 02 | | صحیح مسلم |
| 03 | | جامع الترمذی |
| 04 | | سنن ابوداؤد |
| 05 | | سنن نسائی، سنن ابن ماجہ، شمائل ترمذی |
| 06 | | موطا امام مالک، موطا امام محمد، طحاوی |

☆......☆......☆



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

## نصاب تعلیم بنات

### ثانویہ عامہ بنات ...... ''میٹرک'' ...... (سال اول)

| نمبر شمار | مضامین | کتب |
|---|---|---|
| 01 | ریاضی | دو گھنٹے |
| 02 | انگلش | دو گھنٹے |
| 03 | اردو | ایک گھنٹہ |
| 04 | جنرل سائنس | ایک گھنٹہ |
| 05 | تصحیح قرآن کریم | آخری پارہ عم و سورہ بقرہ |
| 06 | سیرت رسول ﷺ | سیرت رسول ﷺ (مولفہ شاہ ولی اللہؒ) |

### ثانویہ عامہ بنات ...... ''میٹرک'' ...... (سال دوم)

| نمبر شمار | مضامین | کتب |
|---|---|---|
| 01 | ریاضی | دو گھنٹے |
| 02 | انگلش | دو گھنٹے |
| 03 | اردو | ایک گھنٹہ |
| 04 | جنرل سائنس | ایک گھنٹہ |
| 05 | مطالعہ پاکستان | ایک گھنٹہ |
| 06 | تعلیم الاسلام مکمل | ایک گھنٹہ |

نوٹ:......ثانویہ عامہ بنات کا عصری نصاب تعلیم ابھی تک مرتب نہیں ہوسکا، اس لئے ثانویہ خاصہ سال اول کے نصاب کو ثانویہ عامہ بنات کا نصاب قرار دیا گیا ہے۔ جو کہ درج ذیل ہے:

### ثانویہ خاصہ بنات ...... ''الف اے'' ...... (سال اول)

| نمبر شمار | مضامین | کتب |
|---|---|---|
| 01 | تفسیر | ترجمہ و مختصر تفسیر پارہ عم۔ |
| 02 | حدیث | جوامع الکلم (حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحبؒ) ہمزہ الطالبین مکمل مع ترکیب باب اول |
| 03 | فقہ | بہشتی زیور (ج۔۲۔۳۔۴)۔ |


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

| | | |
|---|---|---|
| 04 | صرف | علم الصرف (ج۔۱۔۲۔۳) مع اجراء۔ اس کے لئے "تمرین الصرف" سے استفادہ کیا جاسکتا ہے۔ |
| 05 | نحو | عوامل النحو (مع مختصر ترکیب حصہ نثر)، علم النحو مع اجراء، اس کے لئے "تمرین النحو" اور "تسہیل النحو" سے استفادہ کیا جاسکتا ہے۔ |
| 06 | ادب | الطریقۃ العصریہ (ج۔۱)، عربی کا معلم (حصہ اوّل، دوم) مولانا عبدالستار خان صاحب |
| 07 | تجوید | حدر آخری پانچ پارے (دیکھ کر) مع حفظ ربع آخر پارہ عم ۔ خلاصۃ التجوید مولانا قاری اظہار احمد تھانوی۔ |

**ثانویہ خاصہ بنات ...... "ایف اے" ...... (سال دوم)**

| نمبر شمار | مضامین | کتب |
|---|---|---|
| 01 | تفسیر | ترجمہ و مختصر تفسیر قرآن مجید سورۂ یونس تا اختتام سورۂ عنکبوت |
| 02 | فقہ | مختصر القدوری از ابتداء تا اختتام کتاب الحج، کتاب النکاح تا آخر کتاب النفقات |
| 03 | اصول فقہ | اصول الشاشی بعد تصحیح امثلہ، آسان اصول فقہ مکمل مولفہ مولانا خالد رحمانی صاحب |
| 04 | صرف | علم الصیغہ مع خاصیاتِ ابواب از علم الصرف حصہ چہارم |
| 05 | نحو | شرح مائۃ عامل (نوع اوّل با ترکیب)، بعدہ ہدایۃ النحو |
| 06 | ادب و منطق | قصص النبیین (ج۲۔۳)، تیسیر المنطق |

**عالیہ بنات...... "بی اے" ...... (سال اول)**

| نمبر شمار | مضامین | کتب |
|---|---|---|
| 01 | تفسیر | ترجمہ و مختصر تفسیر قرآن مجید، سورۂ روم تا ختم سورۂ مرسلات |
| 02 | حدیث | ریاض الصالحین مکمل |
| 03 | فقہ | مختصر القدوری (مابقیہ) ماسوائے کتاب الفرائض |
| 04 | اصول فقہ و میراث | نور الانوار (بحث سنت و اجماع)، آسان فرائض اردو، سراجی تا ختم باب الرّد |
| 05 | بلاغت | دروس البلاغۃ (مکمل) |



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

| | | |
|---|---|---|
| 06 | ادب عربی و عقائد | مقامات حریری پہلے پانچ مقامے العقیدۃ الطحاویۃ (متن) |

عالیہ بنات ...... "بی اے" ...... (سال دوم)

| نمبر شمار | مضامین | کتب |
|---|---|---|
| 01 | تفسیر | ترجمہ قرآن مجید از ابتداء تا ختم سورہ توبہ |
| 02 | حدیث | مشکوٰۃ جلد اول |
| 03 | حدیث واصول حدیث | مشکوٰۃ جلد ثانی مع خیر الاصول |
| 04 | فقہ | ہدایہ جلد اول |
| 05 | اصول الفقہ | نور الانوار (از ابتداء تا آخر کتاب اللہ) |
| 06 | عقائد واصول تفسیر | شرح عقائد از عذاب قبر تا آخر' علوم القرآن حصہ اول باب اول۔ حصہ دوم باب اول و دوم |

عالیہ بنات ...... "ایم اے" ...... (سال اول)

| نمبر شمار | مضامین | کتب |
|---|---|---|
| 01 | تفسیر | منتخبات جلالین شریف جلد اول' سورۃ البقرہ اور سورۃ النساء جلد ثانی سورۃ الاحزاب والنور ولقمان والطلاق والتحریم وربع آخر جز پارہ عم مع سورہ فاتحہ۔ |
| 02 | اصول حدیث، اصول تفسیر و تربیت اولاد | التبیان فی علوم القرآن از ابتداء تا آخر فصل رابع ۔ تیسیر مصطلح الحدیث دکتور محمود الطحان ۔ مختصر اسلام اور تربیت اولاد مولفہ ڈاکٹر حبیب اللہ مختار شہید |
| 03 | فقہ | ہدایہ جلد ثانی ماسوائے کتاب العتاق والسیر والحدود |
| 04 | حدیث | طحاوی کتاب الطہارہ' کتاب الصلوٰۃ موطاء امام محمد از کتاب النکاح تا آخر کتاب العقیقہ |
| 05 | حدیث | جامع ترمذی (ج۔۲) باستثناء کتاب العلل |
| 06 | حدیث | سنن ابوداؤد جلد اول |

عالیہ بنات ...... "ایم اے" ...... (سال دوم)

| نمبر شمار | مضامین | کتب |
|---|---|---|
| 01 | کتب حدیث | صحیح بخاری جلد اول |



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

| | | |
|---|---|---|
| 02 | | صحیح بخاری جلد دوم |
| 03 | | صحیح مسلم جلد اول ماسوائے مقدمہ |
| 04 | | صحیح مسلم جلد دوم |
| 05 | | ابوداؤد شریف جلد دوم |
| 06 | | جامع ترمذی جلد اول |

**ایک سالہ نصابِ تجوید برائے فضلاء وفاق المدارس العربیہ پاکستان**

| نمبر شمار | پرچہ | کتب |
|---|---|---|
| 01 | پہلا | معلم التجوید، حضرت مولانا قاری محمد شریف صاحب |
| 02 | دوسرا | تفہیم الوقوف، مولانا قاری محمد اسماعیل صاحب |
| 03 | تیسرا | المقدمۃ الجزریہ مع تشریحات وحفظ ابیات۔ مقدمہ جزریہ کی تشریح کے لئے (۱) مولانا قاری اظہار احمد تھانوی کی شرح جزری (۲) قاری شریف احمد کی شرح جزری (۳) قاری رحیم بخش صاحب کی العطایا الوھبیہ سے استفادہ کیا جاسکتا ہے۔ |
| 04 | چوتھا | حدر مکمل قرآن مجید |
| 05 | پانچواں | ترتیل پارہ عم مع حفظ |
| 06 | چھٹا | صفحات فی علوم القراءات دکتور عبدالقیوم بن عبدالغفور السندی |
| 07 | برائے مطالعہ | دفاع قراءات مولانا قاری محمد طاہر رحیمیؒ |

**نوٹ:**......وفاق المدارس کا امتحان پاس کرنے پر ان فضلاء کو" شھادۃ التجوید (للعلماء) " دی جائے گی۔ مقدمہ جزریہ۔ حدر یا ترتیل وحفظ کے امتحان میں ناکام طالب علم کو ناکام سمجھا جائے گا۔

**دوسالہ نصاب تجوید برائے حفاظ طلبہ تجوید**

**سال اول**

| نمبر شمار | پرچہ | کتب |
|---|---|---|
| 01 | پہلا | خلاصۃ التجوید بعدہ جمال القرآن |
| 02 | دوسرا | جامع الوقف مع معرفۃ الوقوف مولفہ مولانا قاری محب الدین احمد لکھنویؒ |
| 03 | تیسرا | حدر ابتدائی دس پارے |


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

| | | |
|---|---|---|
| 04 | چوتھا | ترتیل پارہ ۲۹ و ۳۰ |
| 05 | پانچواں | مفتاح القرآن دو حصے |
| 06 | چھٹا | تعلیم الاسلام دو حصے مع سیرۃ الرسول |

سال دوم

| نمبر شمار | پرچہ | کتب |
|---|---|---|
| 01 | پہلا | فوائد مکیہ |
| 02 | دوسرا | المقدمۃ الجزریہ مع ترجمہ وحفظ ابیات |
| 03 | تیسرا | حدر آخری بیس پارے |
| 04 | چوتھا | ترتیل چالیس منتخب رکوعات مع عملی اجراء قواعد تجوید |
| 05 | پانچواں | مفتاح القرآن آخری تین حصے |
| 06 | چھٹا | تعلیم الاسلام آخری دو حصے مع سیرۃ خاتم الانبیاء |

**نوٹ:**......حفاظ طلبہ کو وفاق المدارس کا امتحان تجوید پاس کرنے پر ''شھادۃ التجوید (للحفاظ)'' جاری کی جائے گی۔

## دو سالہ نصاب تعلیم دراسات دینیہ

### دراسات دینیہ سال اول

| نمبر شمار | پرچہ | | کتب |
|---|---|---|---|
| ۱ | پہلا | ترجمہ وتفسیر | ترجمہ قرآن کریم مع مختصر تفسیر (سورہ یونس تا عنکبوت)۔<br>نوٹ: ترجمہ قرآن مجید شروع کرنے سے پہلے صرف ونحو سے ضروری مناسبت پیدا کی جائے۔ |
| ۲ | دوسرا | حدیث | معارف الحدیث (ج ۲۔۳۔۴)۔<br>نوٹ: معارف الحدیث میں اصل نصاب احادیث ہوں گی۔ اساتذہ ان کی تشریح معارف الحدیث کی روشنی میں خود بھی کرسکتے ہیں، جہاں مناسب سمجھیں کتاب کی تشریح کو پڑھادیں۔ |
| ۳ | تیسرا | فقہ | تعلیم الاسلام (مکمل)۔ بہشتی زیور (ج ۲۔۳۔۴) |
| ۴ | چوتھا | صرف ونحو | علم الصرف (ج ۱۔۲)۔ علم النحو |


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۵ | پانچواں | لغۃ عربیہ | طریقۃ عصریہ (ج۔۱)۔ قصص النبیین (ج۔۱۔۲) |
| ۶ | چھٹا | سیرت، حدر | سیرت خاتم الانبیاء ﷺ (مفتی محمد شفیعؒ) حدر آخری پارہ عم مع حفظ ربع آخر |

کتب برائے مطالعہ دراسات سال اول: اسوہ رسول اکرم ﷺ اور نماز مدلل

## دراسات دینیہ سال دوم

| نمبر شمار | پرچہ | | کتب |
|---|---|---|---|
| ۱ | پہلا | ترجمہ و تفسیر | ترجمہ قرآن کریم مع مختصر تفسیر (سورہ بقرہ تا سورہ یونس) و ترجمہ قرآن کریم مع مختصر تفسیر (سورہ عنکبوت تا ختم قرآن)<br>نوٹ: اس سال تعلیم میں ترجمہ قرآن کے دو گھنٹے ہوں گے۔<br>البتہ دونوں ترجمہ قرآن کا پرچہ ایک ہوگا۔ |
| ۲ | دوسرا | حدیث | معارف الحدیث (ج۔۱۔۵۔۶۔۷)۔<br>نوٹ: معارف الحدیث میں اصل نصاب احادیث ہوں گی۔ اساتذہ ان کی تشریح معارف الحدیث کی روشنی میں خود بھی کر سکتے ہیں۔ جہاں مناسب سمجھیں کتاب کی تشریح کو پڑھا دیں۔ |
| ۳ | تیسرا | فقہ | بہشتی زیور (ج۔۵۔۶۔۷) |
| ۴ | چوتھا | لغۃ عربیہ | طریقۃ عصریہ (ج۔۲)۔ قصص النبیین (ج۔۳۔۴) |
| ۵ | پانچواں | صرف و نحو | علم الصرف (ج۔۳۔۴)، عوامل النحو |
| ۶ | چھٹا | عقائد | حیات المسلمین (اردو) |

کتب برائے مطالعہ دراسات سال دوم: سیر الصحابیات اور اسلام کیا ہے؟

## وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے عہدیداران

از ۱۵ ربیع الثانی ۱۳۷۹ھ تا ۱۴۳۵ھ بمطابق ۱۹ اکتوبر ۱۹۵۹ء تا ۲۰۱۴ء

### صدور

| عہدہ | اسماء گرامی | مدرسہ / جامعہ | از | تا | عرصہ صدارت |
|---|---|---|---|---|---|
| صدر اول | حضرت مولانا شمس الحق افغانیؒ | شیخ التفسیر جامعہ اسلامیہ بہاولپور | 15-04-1379ھ<br>19-10-1959ء | 15-08-1382ھ<br>12-01-1963ء | تین سال تین ماہ |


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| صدرِ دوم | حضرت مولانا خیر محمد جالندھریؒ | مہتمم جامعہ خیر المدارس ملتان | 15-08-1382ھ<br>12-01-1963ء | 20-08-1390ھ<br>22-10-1970ء | سات سال |
| صدرِ سوم | حضرت مولانا محمد یوسف بنوریؒ | مہتمم جامعۃ العلوم الاسلامیہ کراچی | 26-04-1393ھ<br>30-05-1973ء | 03-11-1397ھ<br>17-10-1977ء | چار سال چار ماہ |
| صدرِ چہارم | حضرت مولانا مفتی محمودؒ | شیخ الحدیث جامعہ قاسم العلوم ملتان | 07-06-1398ھ<br>15-05-1978ء | 05-12-1400ھ<br>14-10-1980ء | دو سال پانچ ماہ |
| صدرِ پنجم | حضرت مولانا محمد ادریس میرٹھیؒ | استاذ الحدیث جامعۃ العلوم الاسلامیہ کراچی | 21-01-1401ھ<br>30-11-1980ء | 1408ھ<br>1988ء | آٹھ سال |
| صدرِ ششم | حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب | مہتمم جامعہ فاروقیہ کراچی | 03-11-1409ھ<br>08-06-1989ء | | 1434ھ<br>(جاری) |

## نائب صدور

| نمبر شمار | اسماء گرامی | مدرسہ/جامعہ | از | تا | مدت عہدہ |
|---|---|---|---|---|---|
| اول | حضرت مولانا خیر محمد جالندھریؒ | مہتمم جامعہ خیر المدارس ملتان | 15-04-1379ھ<br>19-10-1959ء | 15-08-1382ھ<br>12-01-1963ء | تین سال تین ماہ |
| دوم | حضرت مولانا محمد یوسف بنوریؒ | مہتمم جامعۃ العلوم الاسلامیہ کراچی | 15-04-1379ھ<br>19-10-1959ء | 26-04-1393ھ<br>30-05-1973ء | تیرہ سال سات ماہ |
| سوم | حضرت مولانا مفتی محمد شفیع سرگودھویؒ | مہتمم جامعہ سراج العلوم سرگودھا | 15-08-1382ھ<br>12-01-1963ء | 26-04-1393ھ<br>30-05-1973ء | دس سال چار ماہ |
| چہارم | حضرت مولانا عبد الحقؒ | مہتمم جامعہ دار العلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک | 26-04-1393ھ<br>30-05-1973ء | 21-01-1401ھ<br>30-11-1980ء | سات سال چھ ماہ |
| پنجم | حضرت مولانا محمد عبد اللہؒ | شیخ الحدیث جامعہ رشیدیہ ساہیوال | 26-04-1393ھ<br>30-05-1973ء | 07-04-1398ھ<br>15-05-1978ء | چار سال گیارہ ماہ |
| ششم | حضرت مولانا محمد عبید اللہ | مہتمم جامعہ اشرفیہ لاہور | 07-04-1398ھ<br>15-05-1978ء | 03-11-1409ھ<br>08-06-1989ء | گیارہ سال ایک ماہ |


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ہفتم | حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری صاحب | مہتمم جامعہ خیر المدارس ملتان | 03-11-1409ھ<br>08-06-1989ء | 02-11-1418ھ<br>02-03-1998ء | آٹھ سال نو ماہ |
| ہشتم | حضرت مولانا محمد حسن جانؒ | شیخ الحدیث جامعہ امداد العلوم الاسلامیہ پشاور | 02-11-1418ھ<br>02-03-1998ء | 02-09-1428ھ<br>13-09-2007ء | نو سال چھ ماہ |
| نہم | حضرت مولانا ڈاکٹر عبد الرزاق اسکندر صاحب | مہتمم: جامعۃ العلوم الاسلامیہ کراچی | 12-07-1422ھ<br>30-09-2001ء | | 1434ھ<br>(تاحال) |
| دہم | حضرت مولانا انوار الحق صاحب | نائب مہتمم جامعہ دار العلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک | 11-04-1430ھ<br>08-04-2009ء | | 1434ھ<br>(جاری) |

## ناظم اعلیٰ

| نمبر شمار | اسماء گرامی | مدرسہ/جامعہ | از | تا | مدت عہدہ |
|---|---|---|---|---|---|
| اول | حضرت مولانا مفتی محمودؒ | شیخ الحدیث جامعہ قاسم العلوم ملتان | 15-04-1379ھ<br>19-10-1959ء | 07-06-1398ھ<br>15-05-1978ء | اٹھارہ سال سات ماہ |
| دوم | حضرت مولانا محمد ادریس میرٹھیؒ | استاذ الحدیث جامعۃ العلوم لاسلامیہ کراچی | 07-06-1398ھ<br>15-05-1978ء | 21-01-1401ھ<br>30-11-1980ء | دو سال چھ ماہ |
| سوم | حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب | مہتمم جامعہ فاروقیہ کراچی | 21-01-1401ھ<br>30-11-1980ء | 03-11-1409ھ<br>08-06-1989ء | آٹھ سال چھ ماہ |
| چہارم | حضرت مولانا مفتی احمد الرحمٰنؒ | مہتمم جامعۃ العلوم الاسلامیہ کراچی | 03-11-1409ھ<br>08-06-1989ء | 17-07-1411ھ<br>31-01-1991ء | ایک سال سات ماہ |
| پنجم | حضرت مولانا حبیب اللہ مختارؒ | مہتمم جامعۃ العلوم الاسلامیہ کراچی | 14-10-1411ھ<br>29-04-1991ء | 01-07-1418ھ<br>01-11-1997ء | چھ سال سات ماہ |
| ششم | حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری صاحب | مہتمم جامعہ خیر المدارس ملتان | 02-11-1418ھ<br>02-03-1998ء | | 1434ھ<br>(جاری) |

☆......☆......☆



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

## مرکزی ناظمین

| نمبر شمار | اسماء گرامی | مدرسہ/جامعہ | از | تا | مدت عہدہ |
|---|---|---|---|---|---|
| اول | حضرت مولانا محمد ادریس میرٹھیؒ | استاذ الحدیث جامعۃ العلوم الاسلامیہ کراچی | 15-08-1382ھ 12-01-1963ء | 07-06-1398ھ 15-05-1978ء | پندرہ سال چار ماہ |
| دوم | حضرت مولانا مفتی محمد عبداللہؒ | جامعہ خیر المدارس ملتان | 26-04-1393ھ 30-05-1973ء | 07-06-1398ھ 15-05-1978ء | پانچ سال |
| سوم | حضرت مولانا حبیب اللہ رشیدیؒ | ناظم اعلیٰ جامعہ رشیدیہ ساہیوال | 07-06-1398ھ 15-05-1978ء | 21-01-1401ھ 30-11-1980ء | دو سال چھ ماہ |
| چہارم | حضرت مولانا مفتی محمد انور شاہ | مفتی جامعہ قاسم العلوم ملتان | 21-01-1401ھ 30-11-1980ء | 15-03-1417ھ 01-08-1996ء | پندرہ سال آٹھ ماہ |
| پنجم | حضرت مولانا انوار الحق صاحب | نائب مہتمم جامعہ دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک | 02-11-1418ھ 02-03-1998ء | 12-07-1422ھ 30-09-2001ء | تین سال سات ماہ |

## صوبائی ناظمین

| صوبہ | اسماء گرامی | مدرسہ/جامعہ | از | تا | مدت عہدہ |
|---|---|---|---|---|---|
| سرحد | حضرت مولانا انوار الحق صاحب | نائب مہتمم جامعہ دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک | 12-07-1422ھ 30-09-2001ء | 11-04-1430ھ 08-04-2009ء | آٹھ سال |
| پنجاب | حضرت مولانا قاضی عبدالرشید صاحب | مہتمم دارالعلوم فاروقیہ راولپنڈی | 12-07-1422ھ 30-09-2001ء | | 1434ھ (جاری) |
| سندھ | حضرت مولانا ڈاکٹر سیف الرحمٰن صاحب | ناظم تعلیمات جامعہ مفتاح العلوم حیدرآباد | 12-07-1422ھ 30-09-2001ء | | 1434ھ (جاری) |
| بلوچستان | حضرت مولانا عبداللہ جان صاحب | مہتمم جامعہ مخزن العلوم لورالائی | 12-07-1422ھ 30-09-2001ء | 11-11-1431ھ 19-10-2010ء | سات سال |
| سرحد | حضرت مولانا مفتی کفایت اللہ صاحب | مہتمم مدرسہ تعلیم القرآن ترنگڑی مانسہرہ | 11-04-1430ھ 08-04-2009ء | 11-11-1431ھ 19-10-2010ء | ایک سال سات ماہ |



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

## خازن وفاق

| نمبر شمار | اسماء گرامی | مدرسہ/جامعہ | از | تا | مدت عہدہ |
|---|---|---|---|---|---|
| اول | حضرت مولانا مفتی محمد عبداللہؒ | مفتی جامعہ خیر المدارس ملتان | 15-04-1379ھ<br>19-10-1959ء | 26-04-1393ھ<br>30-05-1973ء | تیرہ سال چھ ماہ |
| دوم | حضرت مولانا محمد شریف جالندھریؒ | نائب مہتمم جامعہ خیر المدارس ملتان | 26-04-1393ھ<br>30-05-1973ء | 07-06-1398ھ<br>15-05-1978ء | پانچ سال |
| سوم | حضرت مولانا مفتی محمد عبداللہؒ | مفتی جامعہ خیر المدارس ملتان | 07-06-1398ھ<br>15-05-1978ء | 21-01-1401ھ<br>30-11-1980ء | دو سال چھ ماہ |
| چہارم | حضرت مولانا فیض احمدؒ | مہتمم جامعہ قاسم العلوم ملتان | 21-01-1401ھ<br>30-11-1980ء | 07-11-1419ھ<br>24-02-1999ء | اٹھارہ سال تین ماہ |
| پنجم | حضرت مولانا مفتی غلام قادرؒ | مہتمم جامعہ خیر العلوم خیر پور ٹامیوالی بہاولپور | 07-11-1419ھ<br>24-02-1999ء | 27-02-1419ھ<br>09-06-2002ء | تین سال دو ماہ |
| ششم | حضرت مولانا مشرف علی تھانوی صاحب | مہتمم دار العلوم اسلامیہ کامران بلاک لاہور | 25-01-1425ھ<br>17-03-2004ء | | 1435ھ<br>(جاری) |

## ناظم مرکزی دفتر

| نمبر شمار | اسماء گرامی | مدرسہ/جامعہ | از | تا | مدت عہدہ |
|---|---|---|---|---|---|
| اول | ملک عبدالغفور انوری صاحب | جامعہ خیر المدارس ملتان | 15-04-1379ھ<br>19-10-1959ء | 26-03-1389ھ<br>30-04-1969ء | نو سال چھ ماہ |
| دوم | مولانا مفتی محمد انور شاہ صاحب | مفتی جامعہ قاسم العلوم ملتان | 26-03-1389ھ<br>30-04-1969ء | 15-03-1417ھ<br>01-08-1996ء | ستائیس سال تین ماہ |
| سوم | مولانا شیر محمد صاحب | استاد الحدیث جامعہ خیر المدارس ملتان | 15-03-1417ھ<br>01-08-1996ء | 02-11-1418ھ<br>02-03-1998ء | ایک سال سات ماہ |
| چہارم | مولانا عبدالحئی صاحب | ناظم جامعہ مطلع العلوم کوئٹہ | 02-11-1418ھ<br>02-03-1998ء | 10-10-1419ھ<br>27-01-1999ء | ایک سال |
| پنجم | مولانا عبدالمجید صاحب | فاضل جامعہ فاروقیہ کراچی | 10-10-1419ھ<br>27-01-1999ء | | 1435ھ<br>(جاری) |

☆......☆......☆


© rasailojaraid.com